پریس ریلیز

گوجرانوالہ 04 دسمبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی کاوش وعدہ سے تکمیل تک۔ وزیراعلیٰ پنجاب سید محسن رضا نقوی نے گوجرانوالہ چیمبر کے دیرینہ مطالبہ بزنس فیسلی ٹیشن سنٹر کا لاہور میں افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر بورڈ ممبرز بزنس فیسلی ٹیشن سنٹر صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ فیصل ایوب، صدر لاہور چیمبر کاشف انور، صدر سیالکوٹ چیمبر عبدالغفار ملک، صدر فیصل آباد چیمبر ڈاکٹر خرم طارق جبکہ صدر راولپنڈی چیمبر ثاقب رفیق اور ملتان چیمبر کے صدر میاں راشد اقبال کے علاوہ بزنس کمیونٹی کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ فیصل ایوب نے تفصیلاً آگاہ کیا کہ بزنس فیسلی ٹیشن سنٹر گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کا دیرینہ مطالبہ تھا دیگر منصوبہ جات کی طرح مکمل طور پر فالواپ کیا گیا اور آج الحمداللہ اس منصوبہ کی تکمیل کو ممکن بنوایا۔ بزنس فیسلی ٹیشن سنٹر میں ابتدائی طور محکمہ محنت اور PESSI کو ملا کر آن لائن واجبات جمع کرانے کی سہولت فراہم کی ہے۔ بزنس فیسلی ٹیشن سنٹر میں این او سیز کا حصول، ایس ای سی پی، گیپکو، ایس این جی پی ایل، پی ٹی سی ایل، انڈسٹریز/رجسٹرار آف فرمز، منسٹری آف کلائمیٹ چینج، ماحولیات، بوائلر انسپکٹرز، محکمہ محنت، لوکل گورنمنٹ (میونسپلٹیز)، سول ڈیفنس، پنجاب لینڈ ریکارڈ، محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، اور بہت سے دوسرے محکمہ جات شامل کئے ہیں جو ایک ہی چھت تلے بزنس کمیونٹی کے مسائل حل کریں گے۔

انہوں نے بتایا کہ بزنس فیسلی ٹیشن سنٹر میں پنجاب کے چھ بڑے چیمبرز صدور کو بورڈ میں شامل کیا گیا ہے جن کیلئے دفاتر بھی بنائے گئے ہیں جو مختلف اوقات میں بزنس فیسلی ٹیشن سنٹرز کا وقتاً فووقتاً وزٹ کیا کریں گے تاکہ بزنس کمیونٹی کو کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے اور ان کے مسائل ایک ہی وقت میں ایک ہی چھت تلے حل ہوں۔ امید ہے مستقبل میں بزنس فیسلی ٹیشن سنٹر کے قیام سے بزنس کمیونٹی کے مسائل مستقل بنیادوں پر حل ہوجائیں گے۔ بزنس کمیونٹی کا قیمتی وقت بچے گا اور وہ اپنے کاروبار کو زیادہ وقت بھی دے سکیں گے۔